چاول اور گندم کے روایتی اور جدید طریقہ کاشت کا جڑی بوٹیوں، زمین کی زرخیزی اور پیداوار پر اثر

پی ایچ ڈی سکالر: احمد نواز نگران: ڈاکٹر محمد فاروق شعبہ: ایگرانومی

زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ ایگرانومی کے تحقیقاتی رقبہ میں مختلف تجربات کئے۔ اس کے علاوہ کچھ تجربات شیخوپورہ اور ننکانہ صاحب میں کسانوں کی زمینوں پر بھی لگائے۔ پہلے تجربے سے یہ نتیجہ اخذ ہوا کہ اگر جنتر کو چاول کی براہ راست بذریعہ بیج کاشت کردہ لائنوں کے درمیان میں لگایا جائے اور تین دن بعد اس کو چوڑے پتوں والی جڑی بوٹی مار زہر (MCPA) سے مار دیا جائے تو یہ نہ صرف چاول کے اندر جڑی بوٹیوں کا خاتمہ کرتا ہے بلکہ زمین کے اندر سبز کھاد کے طور پر شامل ہو کر زمین کی زرخیزی میں بھی اضافہ کرتا ہے۔ تین سال میں ہم نے مشاہدہ کیا کہ جن کھیتوں میں جنتر اور چاول لگایا گیا تھا ان میں چاول کی پیداوار چاول کی اکیلی فصل سے زیادہ تھی۔ چاول میں جنتر لگانے کا فائدہ گندم کے سیزن میں بھی واضح تھا اور جنتر اور چاول والے کھیتوں میں زمین کی زرخیزی بہتر ہونے کی وجہ سے گندم کی پیداوار بھی زیادہ تھی۔ دوسرے تجربے میں ہم نے گندم کے بیج بونے سے پہلے اُنہیں سادہ پانی اور کیلشیم کلورائیڈ کے محلول میں 12 گھنٹے بھگو کر رکھا۔ بارہ گھنٹے بعد بیج کو پانی سے نکال کر سایہ دار جگہ پر خشک کیا گیا اور اس کے بعد اس بھگوئے ہوئے گندم کے بیج کو کھیت کے اندر دو طریقوں سے (زمین کی تیاری کے بعد اور بذریعہ زیرو ٹیلیج ڈرل) سے لگایا گیا۔ کیلشیم کلورائیڈ کے محلول میں بھگوئے گئے بیجوں کو کھیت میں کاشت کرنے سے بیج کی روئیدگی بہتر ہوئی جو بالآخر زیادہ پیداوار اور زیادہ منافع کا باعث بنی۔ تیسرا تجربہ ضلع شیخوپورہ اور ضلع ننکانہ صاحب میں کسانوں کے کھیتوں پر لگایا گیا۔ دونوں جگہوں پر چاول کو بذریعہ پنیری اُگایا یا پھر براہِ راست کاشت کیا۔ دونوں طریقوں سے کاشت کردہ چاول کی کٹائی کے بعد گندم کو بھی ہر چاول کے طریقے کے بعد دو طریقوں سے لگایا گیا۔ پہلے طریقے میں پہلے زمین کی تیاری کی گئی اور بعد میں بیج کو ربیع ڈرل کی مدد سے بویا گیا۔ دوسرے طریقے میں زمین کی تیاری کئے بغیر گندم کے بیج کو زیرو ٹیلیج ڈرل کی مدد سے بویا گیا۔ دونوں طریقوں سے کاشت کردہ چاول کی پیداوار برابر تھی۔ چاول کی براہِ راست بذریعہ بیج کاشت زیادہ منافع بخش تھی۔ دونوں جگہوں پر گندم کی پیداوار جو کہ چاول کی براہِ راست بذریعہ بیج کاشت کے بعد لگائی گئی بہتر تھی۔ زیرو ٹیلیج گندم اس گندم کی نسبت زیادہ منافع بخش تھی جو زمین کی تیاری کے بعد لگائی گئی۔ چوتھے تجربے میں ہم نے چار اضلاع (سیالکوٹ، فیصل آباد، ننکانہ صاحب اور شیخوپورہ) میں مختلف کسانوں سے انٹرویوز کئے۔ زیادہ تر کسانوں نے زیرو ٹیلیج گندم والا طریقہ کاشت نہ اپنانے کی وجہ یہ بتائی کہ ان کے پاس زیرو ٹیلیج ڈرل ہی نہیں ہے۔ پانچواں تجربہ اوھائیو سٹیٹ یونیورسٹی، کولمبس امریکہ میں کیا گیا۔ اس تجربے میں فصل کی باقیات (دو ٹن فی ہیکٹر گندم کی باقیات) کا ہل چلے یا بغیر چلے کھیتوں میں رکھنے کا زمین کی زرخیزی اور گیسوں (کاربن ڈائی آکسائیڈ، میتھین، نائٹرس آکسائیڈ) کے اخراج پر اثر دیکھا۔ زمین میں فصل کی باقیات سے زمین کی زرخیزی تو بہتر ہوئی لیکن گیسوں کا اخراج بڑھ گیا۔ ان تجربات کی روشنی میں یہ نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ چاول کو براہِ راست بذریعہ بیج کاشت کیا جائے تو زیادہ منافع حاصل ہوتا ہے۔ چاول کی قطاروں میں جنتر لگانے سے زمین کی زرخیزی اور چاول کے بعد لگائے جانے والی فصل کی پیداوار میں اضافہ ہوتا ہے۔ زیرو ٹیلیج گندم کی بوائی کے طریقہ کار میں بیج کی روئیدگی بہتر کرنے کے لیے اسے 12 گھنٹے پانی میں بھگو کر کاشت کرنا چاہیے۔ چاول کی براہِ راست بذریعہ بیج کاشت اور اس کے بعد گندم کی بذریعہ زیرو ٹیلیج بوائی نہ صرف ہمارے ماحول کے لیے بہتر ہے بلکہ یہ منافع بخش بھی ہے جس سے گندم اور چاول سے وابستہ کسانوں کا طرز زندگی کافی بہتر ہو سکتا ہے۔

Strategies for sustainability of rice-wheat cropping system

Aim of this study to finalize the Strategies for sustainability of rice-wheat cropping system for this purpose, five experiments were carried out at University of Agriculture, Faisalabad and farmer's fields. In experiment I, determine the impact of sesbania brown manuring in direct seeded aerobic rice, and rice residue mulch in zero tilled wheat on weed dynamics, soil health and system productivity. Sesbania brown manuring improved total nitrogen, soil organic carbon and soil microbial biomass carbon, which eventually improved the grain yield, water productivity and profitability of direct seeded aerobic rice. Wheat seeds were soaked in aerated water (hydropriming) or solution of calcium chloride. After harvest of direct seeded aerobic and puddled transplanted flooded rice crop, primed and non-primed wheat seeds were sown following zero tillage and plough tillage. Improved stand establishment enhanced growth, grain yield, water productivity and profitability of wheat in zero tillage systems. In this regard, osmopriming was the most effective. The third experiment was conducted at two experimental sites (Nankana Sahib, Sheikhupura). At both sites, rice was grown both as direct seeded aerobic and puddled flooded transplanted; followed by zero tillage and plough tillage wheat. Higher total nitrogen, soil organic carbon, soil microbial biomass carbon and nitrogen were recorded in direct seeded aerobic rice than puddled flooded transplanted rice. However, net benefits and water productivity were the maximum with direct seeded aerobic rice than puddled transplanted flooded rice.

In experiment IV, the impact of no tillage and plough tillage, with or without wheat residue mulch on soil properties and greenhouse gases emission were evaluated. Mulching reduced soil bulk density and improved total soil porosity. Lately, interviewed the farmers from four districts (Nankana Sahib, Sheikhupura, Faisalabad, and Sialkot) to know their perceptions, and problems about the conventional and conservation rice-wheat cropping systems. Majority of the farmers were facing the problems of water and labor shortage. Most of the farmers didn't have access to zero tillage wheat drill due to which they are not adopting it. As take home message, weed management in direct seeded aerobic rice through sesbania brown manuring followed by wheat planting with zero tillage using primed seeds may be opted to improve the productivity, profitability, soil health, and to reduce the greenhouse gases emission from rice-wheat cropping system. Provision of conservation machinery for rice and wheat planation at affordable rates, aided by on farm demonstration of weed management practices developed for direct seeded aerobic rice and zero tillage wheat, through participatory research may help to improve the uptake of direct seeded aerobic rice and zero tillage wheat. Long term no tillage reduced the greenhouse gases emission by improving soil properties. However, mulching increased the greenhouse gases emission.

زمینی نمکیات کا بینگن کی فصل پر اثر اور اس کا تدارک

پی ایچ ڈی سکالر: زید مصطفیٰ　　نگران: ڈاکٹر چوہدری محمد ایوب　شعبہ: انسٹیٹیوٹ آف ہارٹیکلچرل سائنسز

بینگن غذائی اعتبار سے انتہائی اہم سبزی ہے۔اس کی ابتدا قدرتی طور پر برصغیر میں ہوئی اور یہاں سے اسکی ترسیل یورپ اور پھر آہستہ آہستہ پوری دنیا میں ہوئی۔اس وقت دنیا میں سب سے زیادہ بینگن پیدا کرنے والا ملک چائنہ ہے۔بینگن کو عموماً سبزی کے طور پر پکا کر استعمال کیا جاتا ہے۔تازہ بینگن میں 1.4 فی صد پروٹین، 0.3 فی صد منرلز، 0.3 فی صد چکنائی، 1.3 فی صد فائبر، تقریباً 93 فی صد پانی، اس کے علاوہ کاربوہائیڈریٹ، فنولکس اور وٹامنز (اے، بی اور سی) وغیرہ وافر مقدار میں پائے جاتے ہیں۔بینگن میں اینٹی آکسڈینٹ جیسا کہ کیروٹینائیڈ، زینتھوفل، اینتھو سایانن، نازونن اور وٹامنز ہوتے ہیں جو کہ دل کے امراض اور کینسر کے لیے بے حد مفید ہیں۔زمین میں کلر یا نمکیات کی موجودگی اگائی جانے والی فصلوں کے لئے انتہائی نقصان دہ ثابت ہوتی ہے۔زمین میں نمکیات کی خاص حد سے زیادہ موجودگی کی وجہ سے زمین میں پانی کی دستیابی پر فرق پڑتا ہے۔زمین میں پانی کی اس کمی کی وجہ سے بیج کے اگاؤ سے لے کر پھل پکنے تک کے سارے عوامل متاثر ہوتے ہیں۔پانی کی کمی یا موزوں حد سے زیادہ نمکیات کی وجہ سے بینگن کا پودا اپنی بڑھوتری ٹھیک نہیں کر سکتا۔پودے کا قد چھوٹا رہ جاتا ہے، پودے کے اوپر پتے کم لگتے ہیں اور اگر نمکیات کا اثر زیادہ ہو تو پتے سڑنا شروع ہو جاتے ہیں۔اگر زیادہ گہرائی میں مشاہدہ کیا جائے تو جڑوں میں پانی کی کمی کے اثرات کی وجہ سے زائیلم میں پانی کم پہنچتا ہے جس کی وجہ سے پتوں میں پانی کی کمی ہو جاتی ہے اور اس سے ضیائی تالیف کا عمل متاثر ہوتا ہے۔پودا پانی کو بچانے کے لیے پتے کے سٹومیٹا بند کر دیتا ہے جس کی وجہ ہوا کی آمدورفت بند ہو جاتی ہے۔اس طرح پودے کو کاربن ڈائی آکسائیڈ نہیں مل پاتی اور پودا پھر دباؤ کا شکار ہو جاتا ہے اور ضیائی تالیف کا عمل اور زیادہ متاثر ہوتا ہے۔پودے میں پانی کی کمی اور نمکیات کے بے حد چلے جانے سے پودے میں ری ایکٹو آکسیجن سپیشیز بننا شروع ہو جاتی ہیں جس کی وجہ سے پودا آکسیڈیٹو سٹریس کا شکار ہو جاتا اور پودے کے اندر جاری فعلیات بہت زیادہ متاثر ہوتے ہیں۔نمکیات کی غیر ضروری موجودگی کی وجہ سے پودا بہت زیادہ متاثر ہوتا ہے۔ماہرین نے پودوں کو کلراٹھی زمینوں میں نمکیات کے زہریلے اثرات سے محفوظ رکھنے کے لیئے مختلف طریقے بتائے ہیں جن میں سے ایک پودوں پر ہارمونز/بائیو پولیمر کا چھڑکاؤ ہے۔کافی سارے بائیو پولیمر کا نمکیات کے زہریلے اثر سے بچاؤ کے لیے اپنا اپنا خاص طریقہ کار ہے۔ان بائیو پولیمر میں سے ایک کائیٹوسن بھی ہے جس کے چھڑکاؤ سے پودا کافی حد تک نمکیات کے مضر اثرات سے محفوظ رہتا ہے۔بینگن کے پودوں کو نرسری سے کھیت میں منتقلی سے پہلے اگر 150 ملی گرام پر لیٹر کائیٹوسن کے محلول سے چھڑکاؤ کیا جائے تو پودا کلراٹھی زمین میں بھی نسبتاً اچھے طریقہ سے بڑھوتری کر سکتا ہے اور یقیناً پیداوار پر بھی اس کا اثر پڑے گا۔علاوہ ازیں بینگن کی بیشتر اقسام موجود ہیں جن میں نمکیات کے مضر اثرات کے خلاف قدرتی طور پر مزاحمت پائی جاتی ہے مثلاً سعدیہ، بینگن کی ایک ایسی قسم ہے جس میں کافی حد تک نمکیات کے خلاف مزاحمت موجود ہے۔اس طرح کلراٹھے علاقے میں بینگن کاشت کرنے کے لیے بہتر ہے کہ سعدیہ قسم کے بیج استعمال کیے جائیں اور نرسری میں ہی کھیت سے منتقلی سے فوراً پہلے یعنی نرسری لگانے سے 30 دن بعد 150 ملی گرام پر لیٹر کائیٹوسن کا چھڑکاؤ کیا جائے۔

Impact of salinity stress on eggplant growth

A study was planned to evaluate the response of eggplant against salt stress and on the basis of these responses, eggplant genotypes were characterized into salt tolerant and salt sensitive genotypes. The other aspect of this

study was to check the role of exogenously applied chitosan in salt stress alleviation. The results of the study indicated that all the genotypes showed a significantly variable response under salt stress and were categorized into salt tolerant and salt sensitive ones. Saadia was found salt tolerant, while Black Beauty was found most salt sensitive genotype. Furthermore, chitosan @ 150 mg L-1 was found to be the best dose to alleviate the drastic effects of salinity. It can be concluded from the research that by planting the salt tolerant genotypes, identified in the research, better yield can be gained in salt affected fields. The application of chitosan @ 150 mg L-1 has also proved effectiveness in yield improvement. Both these strategies when applied together could lead to a breakthrough in eggplant production in salt affected regions.

گل شبو(Tuberose) کی بعداز برداشت نگہداشت

پی ایچ ڈی سکالر: محمد آصف نگران: ڈاکٹر افتخار احمد شعبہ: انسٹیٹیوٹ آف ہارٹیکلچرل سائنسز

زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں گل شبو(Tuberose) کی بعداز برداشت ٹیکنالوجی سے متعلق تجربات کئے گئے ہیں تاکہ کسانوں اور پھولوں کے آڑھتیوں کو اس دلکش اور منافع بخش پھول کی مناسب برداشت اور بعداز برداشت ٹیکنالوجی مہیا کی جاسکے اوران کی آمدن میں خاطر خواہ اضافہ ممکن بنایا جاسکے۔ تجربات سے یہ نتائج اخذ کئے گئے ہیں کہ گل شبو کے پھولوں کی دور دراز منڈیوں میں ترسیل کیلئے پہلی کلی کے کھلنے کی حالت میں برداشت کرنا چاہیے جب کہ مقامی منڈیوں میں ترسیل / مارکیٹنگ کیلئے دو تا تین کلیاں مکمل کلیاں کھل جائیں تو پھولوں کی برداشت کرنی چاہیے۔ پھولوں کی کٹائی صبح یا شام کے وقت تیز دار چاقو سے کرنی چاہیے۔ کٹائی کے فوراً بعد پھولوں کو پانی کی بالٹیوں میں رکھ کر جلد از جلد ٹھنڈی جگہ منتقل کر دینا چاہئے۔ پھولوں کیلئے کشید کیا گیا پانی استعمال کرنا چاہئیں اور پانچ تا دس فیصد چینی کے محلول جس میں 100 ملی گرام فی لیٹر پانی جراثیم کش اسپرین (Salicylic Acid) میں بارہ تا چوبیس گھنٹے رکھنا چاہیے جو پھولوں کی تروتازگی کو بڑھا دیتا ہے۔ اگر پھولوں کی ذخیرہ کرنا درکا ہو تو انہیں پانی کی بالٹیوں میں رکھ کر دو تا چار ڈگری سینٹی گریڈ پر چھ دن تک ذخیرہ کیا جاسکتا ہے جب کہ منڈیوں میں ترسیل کیلئے پھولوں کو پولی تھین شیٹ میں لپیٹ کر گتے کے سوراخ دار ڈبوں میں مناسب مقدار میں رکھ کر ٹھنڈے ٹرک میں ترسیل کریں جبکہ پھولوں کی پرچون دوکانوں یا گھروں میں انہیں ایک یا دو فیصد چینی کے محلول میں رکھنے سے ان کی تروتازگی لمبے عرصے تک برقرار رکھی جاسکتی ہے۔

OPTIMAL POSTHARVEST HANDLING FOR CUT TUBEROSE SPIKES

A study was conducted at University of Agriculture, Faisalabad, in order to assess the present status of postharvest handling practices being followed by the growers and stakeholders and to find out optimal postharvest handling procedures for cut tuberose spikes and concluded that all postharvest handling practices currently used by the stakeholders were not as per recommended international standards and also recommended that the cut tuberose spikes should be harvested when lower buds are fully mature and have expanded but yet not opened for distant markets, however, can be harvested with 2-3 lower florets for local markets. Moreover, spikes should be pulsed at farm level with 10% sucrose plus 50 mg L-1 salicylic acid for 24 h before marketing. During glut period, cut tuberose spikes may be stored at 4±20C in dark by placing cut ends of the spikes in buckets containing water. Cut spikes should be wrapped in polythene sleeves alone or may be packed in floral boxes lined with polythene sheet for transportation to the distant markets or for dry storage at 4±20C. Distilled, de-ionized or reverse osmosis water should be used by the stakeholders during handling of cut tuberose spikes instead of local tap water in order to keep them fresh for longer periods. Retailers and end users should use 2% sucrose along with 50 mg L-1 salicylic acid in the vase solutions to extend the postharvest longevity and maintain quality of cut tuberose spikes.

بی ٹی کپاس اور زمین میں موجود خوردبینی جاندار

پی ایچ ڈی سکالر: ثنااللہ یٰسین نگران: ڈاکٹر حافظ نعیم اصغر شعبہ: انسٹیٹیوٹ آف سوائل اینڈ انوائرنمنٹل سائنسز

زرعی یونیورسٹی کے شعبہ سوائل اینڈ انوائرنمنٹل سائنسز کی مائیکروبائیولوجی اور بائیوکیمسٹری لیبارٹری میں دو سال لگاتار (13-2012ء) تحقیق کی گئی جس کے پہلے تجربے میں پنجاب کے مرکزی علاقوں کا سروے کیا گیا اور اکیاون مختلف کھیتوں سے جن میں بی ٹی اور نان بی ٹی کپاس کاشت کی گئی تھی جڑ سے متصل مٹی کے نمونے لئے گئے۔ موجودہ تحقیق سے ثابت ہوا کہ بیکٹیریا کی تعداد، افزائش، خوردبینی سرگرمیاں اور پیداوار بی ٹی کپاس میں زیادہ تھیں۔ ان نتائج کو مزید یقینی بنانے کے لیے سال 2013ء کے موسم خریف میں کپاس کے مرکزی علاقے ملتان، شجاع آباد، لودھراں اور بہاولپور میں تجربات کا انعقاد کیا گیا۔ ان تجربات میں بی ٹی اور نان بی ٹی کپاس کے پودوں کے لیے ایک ہی طرح کا امور کاشتکاری اپنایا گیا۔ پودے اگنے کے 120 سے 140 دنوں کے بعد جڑ سے متصل (Rhizosphere) مٹی کے نمونے اکٹھے کئے گئے۔ لیبارٹری میں مشاہدات کے بعد سامنے آیا کہ حاصل کئے گئے نمونوں میں چاروں مقامات پر بی ٹی کپاس کی اجناس (CIM-602,CIM-599) میں بیکٹیریا کی تعداد، افزائش، خوردبینی سرگرمیاں اور پیداوار بہ نسبت نان بی ٹی کپاس کی اجناس (CIM-573,CIM591) سے کہیں زیادہ تھیں۔ اس کے علاوہ بی ٹی کپاس میں ضیائی تالیف کا عمل اوسطاً چالیس فیصد زیادہ رہا جس سے بی ٹی کپاس میں فی پودا ٹینڈوں والی شاخیں، ٹینڈوں کی تعداد، پھٹی کی پیداوار بہ نسبت نان بی ٹی کپاس کی اجناس کے زیادہ ہوئیں۔ کپاس کے ریشہ (روئی) کا معیار جیسا کہ ریشہ کی لمبائی، روئی کا تناسب، مضبوطی، یکسانیت اور عمدگی میں بھی بی ٹی کپاس کی اجناس نے بہتر کارکردگی دکھائی اس کے علاوہ بی ٹی کپاس کے بنولے میں شرح تیل بہ نسبت نان بی ٹی کے زیادہ رہی۔ تمام تجربات میں بی ٹی اجناس نے بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کیا جو اس بات کو ثابت کرتی ہے کہ بی ٹی کپاس کا خوردبینی جانداروں پر کوئی برا اثر نہیں۔ تجربات سے یہ بات بھی ثابت کہ بی ٹی پروٹین ہر جاندار کے لیے مخصوص ہے اور مخصوص اساسی پی ایچ (pH) پر ہی نقصان دہ ہوتی ہے تاہم دوسرے زمینی کیڑے مکوڑوں پر بی ٹی کپاس کے اثرات کا مشاہدہ کرنے کی ضرورت باقی ہے تاکہ ان جانداروں کو محفوظ رکھتے ہوئے بی ٹی کپاس کی کاشت کو عام کیا جا سکے اور ملکی برآمدات اور وسائل میں خاطر خواہ اضافہ ہو سکے۔

Impact of Bt-cotton on soil microbiological activities

Cotton is an important cash crop grown in most of the areas of Punjab and Sindh. The major part of economy of the country depends upon cotton based industries. Cotton boll worms are the major pest, which rigorously reduce the yield of cotton. Bt-cotton was developed to reduce heavy reliance on pesticides. In order to assess the effects of Bt-cotton on rhizosphere microbial community and its functions, field survey study in cotton belt districts (Multan, Lodhran and Bahawalpur) was planned. Results revealed that Bt-cotton had no adverse impact on rhizosphere microbial community and its functions. Maximum bacterial population with higher enzymatic activities observed in Bt-cotton rhizosphere, and enhanced nutrients mobilization and availability as compared to non-Bt cotton. The results of survey study provided the base line information, on the basis of these informations further multi-location experiments were conducted to verify the correlated facts and to invalidate the biasness of farmers. Four field experiments were conducted at CCRI-Multan, Kot Lal Shah, Naseer Pur and CRS-BWP. Four varieties CIM-602, CIM-599 (Bt) and CIM-591, CIM-573 (non-Bt) were used at all location with same inputs and management practices. At the time of maximum opened bolls, cotton plants were carefully uprooted from the fields and soil adhering to the roots was separated and stored in sealable plastic bags. Results revealed that bacterial population and microbiological activities were improved at all four locations in Bt-varieties rhizosphere as compared to non-Bt. Bt-cotton varieties were more efficient in physiological functioning as compared to non-Bt varieties. Photosynthetic rate, transpiration rate, stomatal conductance and water use efficiency observed 42, 23, 31 and 29% higher respectively in Bt-varieties comparative to non-Bt cotton at all locations.

زہریلی دھاتوں کے مضر صحت اثرات

پی ایچ ڈی سکالر: تجمل حسین نگران: ڈاکٹر غلام مرتضیٰ شعبہ: انسٹیٹیوٹ آف سوائل اینڈ انوائرنمنٹل سائنسز

رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ فیصل آباد کے شہری علاقوں کے نزدیک فیکٹریوں کے پانی کے استعمال سے سبزیوں کی کاشت کا سلسلہ بڑھتا جا رہا ہے اور سبزیوں میں ان زہریلی دھاتوں کی مقدار میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ دوسری سبزیوں کی نسبت پالک میں ان دھاتوں کو جمع کرنے کی صلاحیت زیادہ ہوتی ہے۔ پالک کی افادیت اس وجہ سے بھی ہے کہ یہ آئرن، وٹامن اور پروٹین کا بہترین ذریعہ ہے یہ دیکھا گیا ہے کہ پالک مختلف زہریلی دھاتیں اپنے پتوں میں اکٹھا کر لیتی ہے، چونکہ پالک کے پتے ہی ہماری غذائی ضرورت کو پورا کرتے ہیں اس لیے یہ ضروری ہے کہ اس اہم سبزی میں ان بھاری کثافتوں کی مقدار کو کم کرنے کی کوشش کی

جائے یہ زہریلی دھاتیں نہ صرف پالک کی پیداواری صلاحیت میں کمی کا باعث بنتی ہیں بلکہ پالک میں ان دھاتوں کا اضافہ ہورہاہے جوکہ ہماری صحت کے لیے نقصان دہ ہے۔ضرورت اس امر کی ہے کہ ان تجربات کی رپورٹ پرعمل کرتے ہوئے شہری علاقوں کے نزدیک خصوصاً فیکٹریوں والے علاقوں میں پالک کی کاشت کرتے وقت فیکٹریوں سے خارج ہونے والے پانی سے بچا جائے۔اس ضمن میں غیرسرکاری تنظیمیں اور تعلیمی ادارے آگاہی پیدا کرنے میں اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتے ہیں۔کسان ممکنہ خطرات سے آگاہ نہیں۔سیمینار اور ورکشاپ کا انعقاد کرکے انہیں آگاہی دی جائے۔حکومتی سطح پر پالیسی سازی کی ضرورت ہے تاکہ ماحولیاتی قوانین پرعملدرآمد کرایا جائے اور فیکٹریوں سے خارج ہونے والے پانی کو قابل استعمال بنایا جائے۔شہری انتظامیہ کو موثر اقدامات اٹھانے چاہئیں تاکہ صاف ستھری خوراک کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔

Heavy metals contamination threatening our life

A research study was conducted to determine the effect of Cd, Pb and Zn on the growth of spinach. The metals contaminated spinach was fed to the test animals and their bioassimilation in the body was investigated to get an idea of their toxicity for humans being. The pot (wire house) and field experiments were conducted to monitor the effect of environmental conditions on difference in uptake of Cd, Pb and Zn in spinach. Both experiments were started at the same time to compare the metal concentrations in the leaves of spinach. The metal concentrations decreased in the field experiment and the highest concentration of metals under study was found in pots and the lowest in the field plots. Spinach in the field plots was cultivated to get an idea of metal contamination and give guideline with respect to farmer's field condition. The contamination of metals in field conditions was also many times above the WHO permissible limits. Application of phosphorus decreased the concentration of these metals in the leaves of spinach. Shoot and root fresh matter yield reduced with the increase of heavy metals but the application of phosphorus increased fresh matter yields and ultimately decreased the uptake of these metals. The results of these experiments showed that spinach grown on metal contaminated soil in the peri-urban areas of Faisalabad should be consumed with care because spinach has the tendency to accumulate higher concentration of these metals in its edible parts. However, amendment like phosphate treatment or other interacting ion like Zn can reduce the uptake of metals and therefore contributes to safe food production on metal contaminated soils.

The report concludes that there is a dire need to control the contamination of leafy vegetables like spinach by creating awareness among the farming community. There is a need of policy making at government level with respect to the implementation of environment laws to overcome the problem of these toxic metal contamination and ensure safe food production..

خاص اہمیت کے حامل مرکبات کو ادویاتی پودوں سے حاصل کرنے کے طریقے

پی ایچ ڈی سکالر: محمد ادریس جیلانی نگران: حق نواز بھٹی شعبہ: کیمسٹری

ادویاتی پودے ہمیشہ سے بے شمار ادویات، تیلوں، گوند، رنگوں اور خوشبودار مرکبات کا ذریعہ رہے ہیں۔ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کے ایک محتاط اندازے کے مطابق تقریباً ترقی پذیر ممالک کی 80 فیصد آبادی کی صحت کا انحصار آج بھی ادویاتی پودوں پر ہے۔خوشبودار ادویاتی پودوں کی روح یا خوشبودار تیل ایک سب سے اہم مرکب ہے جوکہ فوڈ، ادویات، کاسمیٹکس اور جراثیم سے بچاؤ کیلیے بڑے پیمانے پر استعمال ہوتا ہے۔اس ریسرچ کے اندر سفیدے، کینو اور نیاز بو کی روح کو کشیدہ کرکے اور کاربن ڈائی آکسائیڈ گیس کے استعمال سے الگ کیا گیا۔پھر روح سفیدہ، روح کینو اور روح نیاز بو کو ان کے سادہ مرکبات میں الگ کیا گیا۔اس مقصد کے لیے ان کو مختلف درج حرارت پر ہوا کی غیر موجودگی میں کشیدہ کیا گیا۔حاصل ہونے والے سادہ مرکبات کی نشاندہی گیس کرومیٹوگرافی (GC-MS) کے ذریعے سے کی گئی۔حاصل ہونے والے مرکبات کی پہچان اور اعلیٰ کوالٹی کی برآمدگی کے لیے کئی جدید طریقے استعمال کرنے کے لیے یونیورسٹی آف کوئینز لینڈ آسٹریلیا میں تحقیقی کام ہوا۔ابتدائی طرز کا کام جامعہ زرعیہ فیصل آباد میں کیا گیا۔جدید طریقوں سے یہ پتہ چلا کہ سفیدے کے تیل میں سٹرونیلل (Citronellal) اور سٹرونیلول (Citronellol) زیادہ تر پائے گے۔روح

کینو کا سب سے زیادہ پایا جانے والا مرکب لیمونین (Limonene) تھا جبکہ روح نیاز بو میں لینالول (Linalool) اور یوجینول (Engenol) خاصی مقدار میں پائے گئے۔ تمام پودوں کی روح اور اُن کے سادہ مرکبات میں اینٹی آکسیڈنٹ (Antioxidant) جراثیم کش (Antimicrobial) اور ریڈیکل جو کے کینسر اور دوسری بیماریاں پیدا کرتے ہیں اُن کو ختم کرنے کی اچھی خاصی صلاحیت پائی گئی۔ ان تمام باتوں سے یہ نتیجہ نکالا جا سکتا ہے کہ یہ تینوں پودے اور ان کے سادہ مرکبات کھانے اور ادویات کا حصہ بن کر انسانی صحت کے لئے بہت مفید کام سرانجام دے سکتے ہیں۔

Fractionation and characterization of essential oil components from selected medicinal plants

The plant kingdom has served as unlimited valuable source of drugs, added substances, oils, gums, colouring and seasoning specialists from time immemorial (Parikh et al., 2006). Very nearly 80% populaces in creating nations use therapeutic plants and herbs bringing on extraordinary effect in the lives of individuals, in this manner the World Health Organization gave 27 centres, out of 915 working centres together around the world, for customary medicines (Aiyegoro & Okoh, 2009; Denyer et al., 2008). At present, approximately 3000 key essential oils are known, 300 of which are particularly important commercially for the pharmaceutical, aroma, food, agronomic, cosmetic, and sterile industries (Bakkali et al., 2008). The increasing significance of essential oils in various areas of human activities including pharmaceutical, cosmetic, perfumery, aromatherapy, drinks and food industry has produced a great demand for appropriate method of analysis of essential oils. Vital oil investigation in a general sense had one specialized objective: to accomplish the most ideal separation execution by utilizing the best, accessible technology of the day. The outcome accomplished from this might then be utilized to answer the research or mechanical analysis questions which required the examination. This might be for similar purposes, where one oil is appeared differently in relation to other (s) for quality control or examination of contaminated, to find new compound, or to portray the synthetic classes of components present (Marriott et al., 2001). The accurate separation analytical methods (fractional distillation, column chromatography, thin-layer chromatography and gas chromatography) are to be utilized to separate pure mixtures of one or more of the major components present in the essential oil tested sample (Shah et al., 1992). The research work on three medicinal plants Eucalyptus citriodara (Lamon Scented gum), citrus raticulata Blanco (kinnow) and Ocimum basilicum (Basil) of Myrtaceae, Rutaceae and Lamiaceae families, respectively to determine the yield and chemical composition of the pure essential oils as well as different fractions of these oils obtained by vacuum fractional distillation and flash chromatography. Moreover, the pure essential oils as well as the fractions obtained by the fractional distillation method were evaluated for their antioxidant, cytotoxic and antimicrobial activities. Efforts were also made to appraise the effect of extraction techniques and extraction temperature on yield and chemical composition of essential oils. A better yield and high quality essential oil was obtained by supercritical fluid extraction as compared to traditional techniques. Comparatively steam distillation gave good yield than hydro distillation. GC-MS analysis showed that Eucalyptus Citriodora essential was a rich source of citronellal and cironellol. Citrus had high contents of limonene and basil was found to be high source of Linalool, Eucalyptol and Eugenol. The extracted essential oil and fractions showed very good antioxidant, antimicrobial and radical scavenging activities. The isolation of

bioactive components in this study is suggested for further purification and used in functional foods and neutraceutics. Studies should also be done in order to evaluate the practical effectiveness of E.citriodora, C.reticulata and O.basilicum essential oils using specific medicinal substrates under local environmental and storage conditions.

ٹماٹر کے پودوں میں پائے جانے والے پیپٹائڈز (Peptides) کی جراثیم کش صلاحیت کا تجزیہ

پی ایچ ڈی سکالر: نازیہ کنول نگران: ڈاکٹر عامر جمیل شعبہ: بائیوکیمسٹری

موجودہ تحقیق میں ٹماٹر، اونٹ کٹارا اور پودینے کے پودوں کو گرین ہاؤس میں مٹی میں اگایا گیا۔ ان پودوں کو 100 ملی مولر اور 200 ملی مولر نمک سے متاثر کیا گیا۔ متاثرہ اور غیر متاثرہ پودوں میں بڑھوتری کے عمل کا طبعی پہلوؤں (یعنی پودوں کی لمبائی اور پتوں کی تعداد) سے معائنہ کیا گیا۔ نتائج سے یہ سامنے آیا کہ نمک سے متاثر کرنے کے باوجود بھی بڑھوتری کے عمل میں کوئی واضح فرق نہیں پڑا۔ خاص طور پر ٹماٹر کے نمک سے متاثر پودے تقریباً ایک ماہ تک صحت مند رہے اور ان میں بڑھوتری کا عمل بھی جاری رہا۔ نمک سے مزاحمت کی وجہ سے ٹماٹر کی پودوں کو پروٹیومک (Proteomic) مطالعے کے لیے منتخب کیا گیا اور نمک کے دباؤ کے تحت بننے والے مثبت پیپٹائڈز کو Liquid Chromatography سے علیحدہ کیا گیا۔ ٹماٹر کے پودوں میں نمک کے اثرات کی وجہ سے پیپٹائڈز کا بڑھنا، نمک کی مختلف مقداروں اور وقت کے مختلف دورانیے سے متاثر ہوتا ہے۔ Liquid Chromatography سے حاصل ہونے والی پیپٹائڈز میں بیکٹیریا (E.Coli) کے خلاف مزاحمت بھی پائی گئی۔ موجودہ مطالعے سے نتیجہ نکالا گیا کہ غیر حیاتیاتی دباؤ (یعنی نمک سے متاثرہ کرنا) کی موثر حکمت عملی سے پودوں میں حفاظتی عمل شروع ہو جاتا ہے۔ نتیجتاً ٹماٹر کے مثبت پیپٹائڈز (Cationic peptides) کی خصوصیات کے باعث اسے انسانوں میں موذی بیماریوں خاص طور پر کینسر کے علاج کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

Antimicrobial activity of cationic peptides from Solanum lycopersicum

Current project was aimed to identify the cationic antimicrobial peptides from Solanum lycopersicum (tomato) in response to salt stress. Three glycophytes (S. lycopersicum, Silibum marianum and Mentha piperita) were grown in soil in a green house. The plants were transplanted and subjected to saline stress of 100 and 200 mM NaCl. The effect of salt (100 and 200 mM) was examined for two growth parameters, height and leaf number. Analysis of variance (ANOVA) between the means of all the plant's growth parameters asserted no significant difference between the control and salt-treated plants. The tomato plants were remained healthy and had shown adaptation to stressed environment with good number of leaves and height but, M. piperita had developed brown spots (in the absence of saline stress). Current study concluded that abiotic stress is a potential strategy to elicit defense mechanisms in plants, as the glycophytes under the study had shown salt tolerance to a certain limit. Tomato plants conferred resistance to salt stress and conceived antimicrobial potential and intimated the possession of defense sentinels. Top-down proteomics had provided information for the sequencing and characterization of peptides. The identified cationic peptide families including defensins/defensin like proteins, thaumatin/thaumatin like proteins, fabatin and cyclopeptides has potentiated tomato as model therapeutic plant against fungal and cancerous ailments.

صحرائی نباتات کے مانع تکسید اور مانع لحمیاتی۔نشاستہ مرکبات کے خواص اور خاصیت

پی ایچ ڈی سکالر: فریحہ نازنین نگران: منیر احمد شیخ شعبہ: بائیوکیمسٹری

موجودہ تحقیق میں صحرائے چولستان کی قیمتی جڑی بوٹیوں اور طبی نباتات کا انتخاب کیا گیا ہے۔ جس میں بورہاویا ریپنس، کلیوم برچی کارپا، سمبوپوگن جوارنکیوسا، ڈپٹریجیم گلاؤکم، پراسوپس سنرریا اور فیگونیا انڈیکا شامل ہیں۔ ابتدائی نباتاتی کیمیائی تجزیے سے ان تمام پودوں میں علاوہ کلیوم بریچی کارپا کے سیپوننز، سیٹرائیڈز اور الکلائیڈز (نائٹروجنی مادے) پائے گئے ہیں جبکہ پی۔ سنرریا اور سی۔ جوارنکیوسا میں فلیونائیڈز کی قابل ذکر مقدار پائی گئی۔ مزید جانچ کے لیے فلیونائیڈز، سیپونینز اور الکلائیڈز کی مقداریں بھی معلوم کی گئی ہیں۔ سیپونینز کی انتہائی فی صد مقدار ایف۔ انڈیکا (21.90±0.06) میں پائی گئی۔ تمام پودوں کے آبی عرق کی فی صد انتہائی مقدار معلوم کی گئیں تو یہ ڈی۔ گلاؤکم کے لیے زیادہ (10.90±0.03) اور پی۔ سنرریا (3.61±0.02) کے لیے سب سے کم رہی۔ تمام پودوں نے ڈی۔ پی۔ پی۔ ایچ طریقہ کار کے تحت نمایاں فری ریڈیکل

سکیونجنگ کی۔ایف انڈیکا نے آبی عرق میں انتہائی(90.83±2.08)فی صدجبکہ بی۔ریپنس نے کم ترین(76.49±0.87)فی صدفری ریڈیکلز۔سکیونجنگ کی۔اس طریقہ کار کے تحت آخرالذکرسب سے کم موثر رہاجبکہ اول الذکرسب سے زیادہ موثر پایا گیا۔پی سنسریریا کے میتھنولک عرق نے سب سے زیادہ(92.33±0.99)فی صدروک تھام کی اورسب سے زیادہ مانع تکسید مادے کا حامل پودابھی یہی پایا گیا۔

Antiglycation and Antioxidant Activities of Some Desert Plants

In the current project, desert plants (Cymbopogon jawarancusa, Prosopis cineraria, Cleome brachycarpa vahl. ex. DC, Fagonia indica, Dipterygium glaucum and Boerhavia repens) were selected due to their less explored nature. They were collected from Cholistan and their phytochemical secreening was done and aqueous as well as methanolic extracts were determined for glycation level and antioxidant activities in vitro after initial screening. The plants were reported for large amounts of saponins alkaloids and steroids except C. brachycarpa which showed relatively low amount of tanins and alkaloids while P. cineraria and C. jawarancusa had rich flavonoid contents. It was further confirmed when plant extract were quantitatively determined for crude percentage of alkaloids, flavonoids and saponins. Maximum amount of alkaloids was shown by C. jawarancusa (5.40±0.31) % and minimum by P. cineraria (1.36±0.09) % whereas P. cineraria exhibited greatest amount of flavonoids (5.56±0.09) % and were not detectable in D. glaucum. Saponins were reported maximum for F. indica (21.90±0.06) % and minimum for B. repens. Yield (%) from aqueous extract of different plants varied ranging from10.90±0.03 for D. glaucum with maximum yield to 3.61±0.02 for P. cineraria with minimum yield and opposite response was obtained for methanolic extract where P. cineraria was reported for highest yield (14.78±0.10) and minimum for D. glaucum (3.07±0.04). Moreover all plants were tested for whole plant extract whereas leave extract of P. cineraria was used and found to be active as antioxidant and antiglycation agent.

لوکل آبادی میں یوڈی پی گلوکرونوسائل ٹرانسفیز (یو جی ٹی A-1 اور یو جی ٹی 2-B) کی جینیاتی پولی مارفیزم

پی ایچ ڈی سکالر: ہما محبوب   نگران: ڈاکٹر طاہرہ اقبال   شعبہ: بائیوکیمسٹری

یوڈی پی گلوکرونوسائل ٹرانسفیز ایک مائیکروسومل خامرہ ہے۔جو بہت سے ایکسوجنیس اور اینڈوجنیس مرکبات کی گلوکرونیڈیشن کرتا ہے۔گلوکرونیڈیشن ان گنت ادویاتی مرکبات کے اخراج کا بنیادی عمل ہے ۔یو جی ٹی خامرے میں جینیاتی تبدیلیاں اسکی تنظیم اوراظہار کوتبدیل کر دیتی ہیں۔یوڈی پی گلوکرونوسائل ٹرانسفیز خامرہ فارماکولوجیکل اورفزیولوجیکل نتائج میں شراکت کرتا ہے۔گلوکرونیڈیشن چھوٹے لیپوفیلک دوا کے مالیکیولزکو یوڈی پی جوکہ شوگرڈونرہے کے ساتھ جوڑتا ہے اوران کی پانی میں تحلیل کو بڑھاتا ہے۔40 سے 70 فیصد ادویات کا اخراج اس عمل سے ہوتا ہے۔یوڈی پی گلوکرونوسائل ٹرانسفیز بنیادی طور پر جگر میں پائے جاتے ہیں۔ایلیل کا تجزیہ کم پائی جانے والی ایلیلز کی موجودگی کوظاہر کرتا ہے۔دنیا کے مختلف حصوں میں پائے جانے والی آبادی میں رئیراوروائیلڈ ٹائپ ایلیلز کی تقسیم میں اختلاف پایا جاتا ہے۔یہ ضروری نہیں کہ ایلیلز کی تقسیم جوایک ایتھنک گروپ میں پائی جاتی ہے وہ دوسرے گروپ میں بھی پائی جائے۔پس ایلیلز کی تقسیم میں اختلاف گلوکرونیڈیشن کے عمل میں اختلاف کومعلوم کرتا ہے۔پیرااسٹیامول اوراسپرین بنیادی طور پر یوڈی پی گلوکرونوسائل ٹرانسفیز خامرے سے تحلیل کی جاتی ہیں۔109 صحت مندافراد میں پیراسیٹامول کی درجہ بندی نے یہ ظاہر کیا ہے کہ آبادی کا 57 فیصد (52.24 مرداور 60 فیصدعورتیں)اور 34 فیصد (38.98 مرداور 32 فیصدعورتیں) حصہ تیزاوردرمیانے درجے کی کے میٹابولیزرپرمشتمل ہے جبکہ آبادی کا 7 فیصد حصہ سلو میٹابولیزرپرمشتمل ہے۔جبکہ اسپرین کی گلوکرونیڈیشن فینوٹائپ کی درجہ بندی نے یہ ظاہر کیا کہ 45 فیصد آبادی(44.07 فیصد مرداور 46 فیصدعورتیں) تیز میٹابولیزراور 46 فیصد آبادی(45.76 فیصد فرداور 46 فیصدعورتیں) نے درمیانے درجے کی گلوکرونیڈیشن ظاہر کی۔جبکہ 9 فیصد آبادی(10.17 فیصد مردکواور 8 فیصدعورتیں) درجہ سلو میٹابولیزرتھیں۔وہ افرادجن میں ہوموگس وائیلڈ ایلیل (UGT1A اور UGT2B) پائی گئی اور پیراسٹامول اوراسپرین ادویات کوتیزی سے تحلیل کرتے ہیں۔جب کہ وہ افرادجن میں ہوموزائیگس متبادل ایلیل ہوتی ہے۔وہ پیراسٹیامول اوراسپرین کوسُست رفتاری سے تحلیل کرتے ہیں۔اس لیے یہ سُست تحلیل خامرے کی سرگرمی کوآہستہ ظاہر کرتی ہے۔خامرے کی سرگرمی کوکم کرتی ہیں۔نتیجتاً آبادی میں جینیاتی اورگلوکرونیڈیشن فینوٹائپ کے لحاظ سے تین طرح کی تقسیم پائی جاتی ہے۔یوڈی پی گلوکرونوسائل ٹرانسفیز خامرے کی جنیز نے پیراسیٹامول اوراسپرین ادویات کی گلوکرونیڈیشن کے ساتھ بہت اچھی کوریلیشن ظاہر کی۔

Genetic Polymorphism of UDP-glucuronosyltransferase (UGT1A and UGT2B) in local population

